سوال نمبر 628 منجانب جناب اکرام اللہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

نمبر شمار	سوالات	جوابات
الف	آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن میں سال 2013 سے 2024 تک جنگلات لیز پر دیئے ہیں؟	(الف) جی ہاں
ب	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان لیزوں سے مقامی لوگوں کو کیا فائدہ پہنچا ہے اور جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کی کوششوں کو کیسے فائدہ پہنچا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	(ب) لوور ہزارہ فارسٹ سرکل میں موضع ناراں جھیل روڈ کے بائیں جانب ملکیتی اراضی پر ہوٹل واقع ہیں۔ ان ہوٹل ہائے اور جھیل روڈ کے درمیان رکھ سرکار کا کچھ حصہ واقع ہے۔ جس پر چند ہوٹل مالکان نے تجاوزات کر رکھی تھی۔ جس بابت مقدمات بعدالت فارسٹ مجسٹریٹ زیر سماعت تھے تو اس وجہ سے مجاز حکام کی منظوری کے بعد درج ذیل ہوٹل مالکان کو جگہ لیز پر دی گئی ہے۔ تاکہ برائے خوبصورتی نمائشی پودہ جات لگائے جاسکیں۔ مذکورہ اراضی پر کوئی تعمیر وغیرہ نہیں کی جاسکتی۔ 1- بحوالہ لیز ڈیڈ آف فارسٹ لوور ہزارہ فارسٹ سرکل ایبٹ آباد چٹھی نمبر 1550 کے تحت 4 کنال 4 مرلہ اراضی الحاج سید قاسم شاہ مالک پائن ٹریل ہوٹل ناراں کو برائے خوبصورتی و نمائشی پوداجات دی گئی ہے۔ 2۔ بحوالہ لیز ڈیڈ آف فارسٹ لوور ہزارہ فارسٹ سرکل ایبٹ آباد چٹھی نمبر 1552 کے تحت تعدادی 19 مرلہ اراضی مطیب الرحمان پاشا مالک ٹراوٹ لینڈ ہوٹل ناراں کو دی گئی ہے اراضی مذکورہ برائے خوبصورتی لیز پر دی گئی ہے جس پر نمائشی پوداجات لگائے جائیں کے تاکہ ماحول دوست بنایا جائے۔ 3۔ بحوالہ لیز ڈیڈ آف فارسٹ لوور ہزارہ فارسٹ سرکل ایبٹ آباد چٹھی نمبر 114 کے تحت قلندر خان مالک سنو کریسینٹ ہوٹل ناراں کو اراضی دی گئی تھی لیکن ہوٹل مالکان کے مابین تنازع کی وجہ سے لیز کردہ اراضی پٹہ دار کو نہیں دی گئی۔ 4۔ بحوالہ لیز ڈیڈ آف فارسٹ لوور ہزارہ فارسٹ سرکل ایبٹ آباد چٹھی نمبر 5280 کے تحت مطیب الرحمان پاشا مالک ٹراوٹ لینڈ ہوٹل ناراں کو دی گئی ہے۔
(ج)	لیز سے محکمہ اور عوام کے لئے کیا سماجی تبدیلیاں یا فوائد لائے ہیں۔ اور ان لیزوں سے کتنی ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں؟ مقامی استفادہ کنندگان کی تعداد سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	
(د)	کرایہ داروں کی طرف سے کیے گئے کسی بھی کارپوریٹ سماجی زمہ داری (CSR) کے اقدامات کی تفصیل بشمول	

	تصویری ثبوت کے ساتھ جدول کی شکل میں بریک ڈاون کی تفصیل فراہم کریں۔	جس پر 200 Micro Hydro Power Project لگایا جائے گا تاکہ ماحول کو بہتر بنایا جا سکے اور ایک دوستانہ ماحول کے تحت ایک معاہدہ (MOU) مابین Forest Department اور KDA دستخط ہوا۔ جس میں طے پایا کہ اس پراجیکٹ سے جو بجلی حاصل ہو گی اسمیں سے سماجی ذمہ داریوں کے تحت سرکاری دفاتر جو ناراں میں واقع ہیں کو مفت بجلی بھی فراہم کی جائے گی۔ (ج) لیز سے محکمہ جنگلات کو کرائے کی مد میں رقم وصول ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ علاقہ مکینوں کے لئے روزگار کا سبب بھی بنتی ہے چونکہ موسم سرما ہے اور سلیک سیزن چل رہا ہے لہذا کاروباری سرگرمیاں ماند ہے اور اس وجہ سے مقامی استفادہ کنندگان کا صحیح تخمینہ لگانے کے لئے وقت درکار ہے۔ (د) کرایہ داروں کے ساتھ معاہدہ جات مرتب شدہ ہیں۔ مزید یہ کہ کرایہ داران لیز شدہ اراضی پر ماحول دوست سرگرمیاں جیسے نمائشی پودہ جات کا اُگانا وغیرہ ہے

SECTION OFFICER (DAE Coord)
Climate Change, Forestry, Environment
& Wildlife Department, KP